# (قسط ۲) مولانا سمیع الحق کی وفاقی مجلس شوریٰ میں شمولیت پر پیغامات

سینکڑوں خطوط اور پیغامات میں سے بعض ایک کی چند سطری اقتباسات یہ تعریف و توصیف محض حسن ظن ہے۔ مبارک باد سے بڑھ کر مقام آزمائش ہے ان نیک توقعات، تمناؤں اور دعاؤں میں قارئین الحق بھی شریک ہوں گے تو میرے لئے احتساب نفس اور محاسبۂ احوال میں مزید معاون ہوں گے۔ میں ہر لحاظ سے کم سواد اور بے مایہ گناہگار انسان ہوں۔ بل الانسان علی نفسہ بصیرۃ پھر بھی اس اعتماد و محبت پر میرا ہر بن مو سراپا تشکر و امتنان ہے۔ فرداً فرداً بھی خط لکھنے کی سعی کی جارہی ہے۔ "س"

○ برادر محترم مولانا الحاج سمیع الحق صاحب زاد مجدہ

آپ جیسے مخلص دوست، تجربہ کار اور ہم مشرب کی شمولیت ہمارے لئے باعث صد افتخار ہے

اگر اسلامی باتوں میں حکومت سے تعاون نہ کیا جائے تو آخر انتخاب میں امریکہ کی نقالی اور موجودہ سیاسی گروہ بندی، اور خاص لوگوں کا پوری قوم پر اجارہ داری جو نسلاً بعد نسل ان ہی چند افراد کے ہاتھوں میں ہو گی کونسی اسلامی بات ہے ؟ وہ انتخابات جو انگریزی طرز پر بعض لوگ چاہتے ہیں ان کے برے نتائج ہم کئی بار دیکھ چکے ہیں۔ ان سے میرے خیال میں صرف بعض افراد حکومت پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور بس۔ ان بے سروپا اور رٹی ہوئی باتوں کا مقصد نہ اسلام کی خدمت ہے اور نہ قومی مفاد کی خیر خواہی۔ صرف حصول اقتدار ہی ہے۔

آپ خود اور آپ جیسے تجربہ کار علماء کرام اور دیگر خیر خواہان انشاء اللہ العزیز ان سیاست بازی کے عادی لیڈروں سے زیادہ دین اسلام کی خدمت کرسکتے ہیں اور کریں گے۔ شیخ الحدیث محمد حسن جان مردان

○ ٹی وی پر آپ کا تعارف پڑھا اور سنا۔ دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ حاضر ہوا مگر آپ اسلام آباد میں تھے۔ افتخار الملک۔ رسالپور

○ جنگ کراچی میں نام پڑھا بے اختیار خوشی ہوئی کہ اسمبلی میں چند علماء نے شمولیت اختیار کر لی سب کو مبارک باد۔ محمد ادریس ص ب ۱۱۲۴ العین ابوظبی

○ امید ہے آپ کے نیک مشوروں سے یہ علاقہ دن دونی رات چوگنی ترقی کے مراحل طے کرے۔ دلی مبارکباد کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ آپ ملک و قوم اور ملت کی کماحقہٗ خدمت سرانجام دے سکیں۔ محمد عیسیٰ سینئر وائس پریذیڈنٹ نیشنل بنک آف پاکستان

○ اللہ تعالیٰ آپ کو اسلام کی خدمات اور عوام کی توقعات پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ دو دفعہ حاضر ہوا مگر ملاقات نہ ہوسکی۔ میاں بہاء الدین جال کاکاخیل۔ زیارت کاکا صاحب۔

○ دلی اخلاص سے مبارکباد اور دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ قاضی احسان الحق مہتمم تعلیم القرآن راولپنڈی۔

○ میری جانب سے دلی مبارک باد۔ ساجد حسین
مینیجر تعلقات عامہ بی ایم ڈی سی کراچی۔

○ امید ہے آپ علمی حلقہ کے لئے رہبر اور ترجمان ثابت ہوں گے۔ سب حلقۂ احباب خوشی کا اظہار کرتا ہے۔ مولانا محمد کریم حقانی ڈرگ پشاور

○ حضرت کی زندگی میں یہ شرف ملا۔ اب خدا دین کی خدمت کی توفیق دے۔ مولانا احسان اللہ
مہتمم فیض عام سہراب گوٹھ کراچی۔

○ اللہ اسے خدمت دین وقوم کا ذریعہ بنا دے۔
ماسٹر جمال الدین غوریوالہ بنوں

○ ہماری خوش قسمتی ہے کہ آپ جیسے عالم اور حق گو کو حق گوئی کا موقع مل سکے گا۔
سمیع الحق ایلئی سوات

○ ہماری حقانی برادری کے لئے خوشی کا مقام ہے۔ ہمارا تعاون آپ کے ساتھ ہے۔
مولانا لطف الرحمان حقانی۔ دوابہ باغی بند

○ زیادہ شاکر فاخر گردیدم زیرا کہ علماء جسد واحد اند۔ در جہاد افغانستان مشغول ہستم
مولانا عجب نور محاذ افغانستان

○ دین متین کے لئے آپ کی مساعی جمیلہ پر تمام قوم بالخصوص فضلاء و متعلقین حقانیہ کو فخر ہے۔ امید ہے آپ اس اہم عہدہ سے ملک قوم، دین بالخصوص دینی اداروں کی بھلائی کے لئے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ واللہ ینصرکم ویؤیدکم۔ مولانا محمد گوہر شاہ مہتمم و مولانا غلام محمد صادق ناظم تعلیمات۔ دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ

○ اللہ تعالیٰ خدمت اسلام کی مزید توفیق دے۔
عبدالرحمٰن ناظم جامعہ اسلامیہ صدر راولپنڈی

○ اہل حق کی حمایت کسی سیاسی یار واداری پر مبنی نہیں صرف اللہ اور اللہ کے لئے ہوتی ہے اور مخالفت بھی اللہ ہی کے لئے سن کر بہت خوشی ہوئی۔
عبدالقیوم شملوی حضرو اٹک

○ اس پرفتن دور میں اسلام کے صدائے بازگشت تو ایوانوں میں گونج اٹھے گی۔ بھٹو کے آمرانہ وجابرانہ دور تو جناب شیخ الحدیث کی کارہائے نمایاں اظہر من الشمس تھے جس پر ہم حقانی برادری کو جتنا بھی فخر ہو کم ہے۔ گل شیر حقانی جمرود خیبر ایجنسی

○ یہ صرف آپ کے لئے نہیں پوری قوم کے لئے باعث فخر ہے، جناب شیخ الحدیث کو مبارک ہو کہ نہ صرف جامعہ حقانیہ ہی بلکہ قومی سطح پر ان کا جانشین فرض ادا کر سکے گا۔ قاری عبدالمالک جنرل سیکریٹری۔
جمعیۃ اشاعت توحید وسنت مظفر آباد آزاد کشمیر

○ اللہ تعالیٰ حق کی آواز آپ کی زبان سے نکالے اور صحیح مجاہد کا منصب اللہ عطا کرے۔ تمام فضلاء حقانیہ مبارکباد پیش کرتے ہیں۔
حسین احمد حقانی تنظیم فضلاء کراچی

○ اسلامی نظام کی قرارداد پیش کرنے پر مبارکباد قبول ہو۔ رافضیت ملک کا مذہبی وسیاسی طور پر زبردست فتنہ ہے۔ اس سلسلہ میں بھی دقیع اور مؤثر اقدام کرتے رہیں۔ ظفر احمد قاسم دارالعلوم

کبیروالا۔ ملتان۔

○ دینِ حق کی سربلندی کے لئے پہلے اجلاس میں آپ کے کردار پر ہم غورغشتی کے رفقاء جتنی بھی داد دیں تو کم ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید ہمت وجرات اور دینِ حق کے غلبہ کی مساعی کی توفیق دے۔

عبدالحلیم ومفتاح الدین صدر اصلاح ملت غورغشتی

○ سابقہ روایات کے مطابق علماء حق کی صحیح نمائندگی ادا کریں گے۔ الحق میں مولانا عبدالحق صاحب کی اسمبلی میں سرگرمیاں پڑھتے رہتے تھے۔ یقیناً ایسے اکابر کے فرزندان کے شاندار ماضی کو اور شاندار بنائیں گے۔ انشاءاللہ۔ صوفی اللہ بخش سب رس جھاریاں۔ سرگودہا۔

○ حضرت ہزاروی، مفتی محمود اور مولانا عبدالحق کی یاد تازہ کر دیں۔ ہماری نظر میں آپ ایسے بالغ النظر اور پختہ ذہن لوگوں پر لگی ہوئی ہیں۔
کا مقولہ بہت پرانا ہے خداوند تعالیٰ آپ لوگوں کو جرات عزم واستقلال حق گوئی وحق جوئی کی توفیق نصیب فرمائے۔ آپ ایسے محب وطن وہمدرد اسلام حضرات کی تعداد اقل قلیل ہے۔ کاش ایک تہائی آپ جیسے علماء اس میں شامل ہوتے تو بجا طور پر امید ہوتی کہ اب منزل قریب ہے میر کارواں اور حدی خوان بدل چکے ہیں۔

مولانا عبداللہ حاصل پور شہر بہاولپور

○ دلی مبارکباد قبول فرمائیے۔ میری دعا ہے کہ اللہ جل شانہٗ آپ سے ملک وملت کے مفاد میں ایسے کام کرائے جن سے آپ اور آپ کے دوست و احباب دنیا و آخرت میں سرخرو ہو سکیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اقامت دین کے لئے اپنی تمام مساعی بروئے کار لائیں گے۔ مولانا پیر محمد اشرف ممبر وفاقی کونسل منصورہ کالونی۔ لاہور

○ اللہ آپ سے اس قومی ادارے میں وہ کام لے جو اکابر علمائے دیوبند سے لیا ہے۔ حافظ عبدالعزیز ہزاروی مارتونگ۔

○ آپ نے جو تقریر مجلس شوریٰ میں فرمائی اسے یہاں پر بہت پسند کیا گیا ہے۔ اور آئندہ بھی توقع ہے کہ پاکستان میں اسلامی قانون کی سعی فرمائیں گے صدر پاکستان بھی جلد اسلامی نظام کا نفاذ چاہتے ہیں۔ مبارکباد کے لئے جلد حاضر ہونے کی کوشش کروں گا۔ (حضرت) پیر عبدالجلیل زکوڑی شریف۔ ڈیرہ آئی خان

○ اس اطلاع سے مجھے اور دوستوں اور پاکستانیوں کو بے حد خوشی ہوئی سب لوگ مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اس ذمہ داری کے نباہنے کی توفیق کی دعا کرتے ہیں۔ معراج گل۔ الریاض سعودی عرب

○ پہلے اجلاس میں آپ کی مساعی سے بے حد مسرت ہوئی ہماری انجمن کی طرف سے دلی مبارکباد۔ اللہ تعالیٰ مزید کام کی توفیق دے۔ قاری عبدالحنان انجمن اصلاح معاشرہ پیر آباد کالونی۔ کراچی۔

○ الحمدللہ کہ اللہ تعالیٰ نے ملک وملت کی خدمت کا موقع دیا۔

عبدالمجید حقانی۔ لونی۔ کلاچی (باقی)

اعلیٰ بناوٹ

دلکش وضع

دل فریب رنگ کا

حسین امتزاج

دنیا کے مشہور

**SANFORIZED**

REGISTERED TRADE MARK

سنفورائزڈ پارچہ جات

سکڑنے سے محفوظ

۲۰ ایس سے ۸۰ ایس کی سوت کی

اعلیٰ بناوٹ

## گل احمد ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

ستار چیمبرز

۲۹- ویسٹ وارف کراچی

تار کا پتہ :- آباد ملز

ٹیلیفون

۲۳۳۹۹۳ ، ۲۳۸۷۰۵

۲۲۵۵۳۹